© rasailojaraid.com



تقاد پر تھی ۔ سید محمود آزاد کی یہ کتاب اس لحاظ سے اہم ہے کہ اس میں
انہ قدیم سے لیکر ۱۹۳۷ تک کے تمام نشیب و فراز عہد بعہد موجود ہیں
ر حالات و واقعات کا تسلسل قائم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ آزاد صاحب
نے کشمیر کی باقاعدہ تاریخ کا آغاز ۶۱۷ عیسوی سے کیا ہے ۔ تاریخ شروع
کرنے سے پہلے تقریبا دو سو صفحات میں انھوں نے کشمیر کے متعلق تمام
ضروری معلومات یکجا کردی ہیں ۔

یہ کتاب سید آزاد کی ۱۱ سال کی محنت شاقہ کا نتیجہ ہے ۔ تصنیف و تالیف کے دشوار گذار مرحلے آزاد صاحب نے کس طرح طے کیئے ہوں گے اس کا اندازہ وہی لوگ کرسکتے ہیں جو اس کتاب کا مطالعہ کریں گے ۔ مگر اس سے بڑا کارنامہ جو آزاد کے ہاتھوں انجام پایا وہ کتاب کی طباعت کا ہے۔ آزاد صاحب کا جذبہ شوق قابل ستائش ہے کہ انہوں نے اس ضخیم کتاب کی طباعت کا بار بھی خود ہی اٹھایا ۔

سید آزاد کا انداز تحریر شگفتہ ہے۔ وہ سلیس اور با محاورہ زبان بے تکلف لکھ سکتے ہیں ۔ ان کے سلسلۂ بیان میں روانی ہوتی ہے۔ وہ ایک کہنہ مشق مصنف ہیں ۔ اس کتاب کے علاوہ کئی دوسری کتابیں بھی ان کے قلم سے نکل چکی ہیں۔

شرف الدین اصلاحی

---

مراقبات : تصنیف عبدالصمد صارم الازہری

ناشر ادارہ علمیہ نمبر ۵ دھنی روڈ نئی انارکلی لاہور۔

مجلد مع گرد پوش، تعداد صفحات ۱۶۰، قیمت پانچ روپے۔

مراقبات کو دیکھ کر اس کی ظاہری ہیئت سے دھوکہ ہوتا ہے کہ کوئی مجموعہ شاعری ہے ۔ صفحات الٹنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ یہ تو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نثری مجموعہ ہے اور پڑھنے کے بعد کھلتا ہے کہ شعر بصورت نثر ہے ۔ اس لئے کہ کتاب اول سے آخر تک شعور و وجدان کی باتوں کا مرقع ہے ۔

صارم صاحب یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور میں عربی کے پروفیسر ہیں اور متعدد کتابوں کے مصنف ہیں ۔ جن لوگوں نے انہیں دیکھا ہے تصدیق کریں گے کہ مراقبات ان کی ظاہری ہیئت کا کتابی مرقع ہے ۔ وہ بالعموم آنکھیں بند کئے عالم استغراق میں رہتے ہیں، گویا حالت مراقبہ میں ہیں ۔ یہ کتاب ان کی اسی حالت کی پیداوار ہے ۔ کتاب کے آغاز سے پہلے سرورق پر صارم صاحب نے یہ عبارت درج کی ہے :-

"بعض اوقات میرے دماغ پر حقائق کی اس طرح بارش ہوتی ہے کہ میں پریشان ہوجاتا ہوں ، اکثر باتوں کو بھول جاتا ہوں ، کچھ کو قلمبند کرلیتا ہوں ، کچھ ایسے ہیں جن کے ضبط کے لئے قلم اٹھاتا ہوں تو دنیا کے کسی لغت میں مجھے ما فی الضمیر کی ادائیگی کے لئے الفاظ نہیں ملتے۔ اور کچھ حقائق ایسے ہیں کہ میری سمجھ سے بالا تر ہوتے ہیں"۔

یہ الفاظ اس کتاب کے مختصر تعارف کے لئے کافی ہیں۔ مزید تعارف کے لئے چند اہم ابواب کے عنوانات کا ذکر مناسب ہوگا ۔

عالم لاہوت، عالم ملکوت، عالم ناسوت، عالم صموت، عالم حقیقت، عالم خیال، عالم نفس اور عالم طاغوت ۔

کتاب بحیثیت مجموعی دلچسپ ہے اور اس میں اصحاب ذوق کے لئے بہت سی کام کی باتیں ہیں ۔ پوری کائنات صارم صاحب کی زد میں ہے ۔ مضامین اور حقائق کے تنوع کا اندازہ عنوانات سے لگایا جاسکتا ہے ۔

کتابت طباعت عمدہ، جلی حروف میں بڑی نفاست سے چھاپی گئی ہے کاغذ بھی اچھا استعمال کیا گیا ہے ۔ اور اس لحاظ سے قیمت بہت مناسب ہے ناشر سے طلب کی جاسکتی ہے جس کا پتا اوپر درج کردیا گیا ہے ۔

شرف الدین اصلاحی

© rasailojaraid.com